سوال

(536) مفید مجلات اور تصویریں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مجھے مفید مجلات پڑھنے کا بہت شوق ہے، میں ان سے استفادہ کرتا رہتا ہوں، لیکن ان میں موجودہ تصویروں کی وجہ سے مشکل درپیش ہے اور وہ یہ کہ کیا ان کو خریدنے میں کوئی حرج تو نہیں؟ کیا پڑھنے کے بعد ان مجلات کو ضرورت کے لیےاپنے پاس محفوظ رکھ سکتا ہوں یا انہیں جلادوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ مفید اخبارات اور جرائد کو پڑھ سکتے ہیں اور ان سے دینی، ادبی، اور اخلاقی فوائد حاصل کر سکتے ہیں، جہاں تک تصویروں کا تعلق ہے تو انہیں سیاہی وغیرہ کے ساتھ مٹا دیں یا چہرے مٹا دیں یا انہیں ڈھانپ کر یا الماری اور صندوق وغیرہ میں بند کر کے رکھیں اور اگر ضرورت باقی نہ رہے تو انہیں جلا دیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص409

محدث فتویٰ